# ٹریفک عدالت میں آپ کے حقوق

آپ پر ایلی نوائے کی ریاست کی ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کا الزام عائد کیا گیا ہے یہ ضروری ہے کہ آپ اپنے حقوق کو سمجھیں۔ جج آپ سے آپ کے کیس کے بارے میں انفرادی طور پر بات کرے گا۔ جو کیس آپ کے اوپر عائد کیا گیا ہے اس کے بارے میں آپ کے ذہن میں کوئی سوالات ہیں۔

ٹریفک کورٹ کے طریقہ کار کو سمجھنے کے لئے چند منٹ سرف کریں تا کہ کورٹ میں وقت ضائع سے بچیں۔

**اس کو یقینی بنایا جائے کہ آپ صحیح وقت پر اور صحیح جگہ پر ہیں:-**

ٹریفک ٹکٹ کا اوپر سے نیچے تک اچھی طرح سے جائزہ لیں۔ یہاں ایک بڑا مستطیل نما (rectangular) بکس ہوتا ہے۔ بمع دو چھوٹے ڈبوں (boxes) کے جو آپ کو بتائیں گے کہ آپ نے کورٹ میں حاضر ہونا ہے یا نہیں۔ اگر box کے آگے یہ Statement "no court appearance required" لکھی ہے پھر Courtroom میں مت جائیں جب تک Traffic court کی Window کھڑکی سے کوئی ایک ۔۔۔ آپ کو یہ یقین نہ دلائے کہ اب آپ کورٹ میں جا سکتے ہیں۔

اگر آپ کی ٹکٹ میں عدالت کی پیشی نہیں ہے اور آپ نے عدالت میں داخل ہونے سے پہلے کھڑکی میں Check in نہیں کیا تو جج کو آپ کے حاضر ہونے کی اطلاع نہیں ملے

گی اور آپ کے کیس کی سنوائی نہ ہو پائے گی۔

## کورٹ میں کیا ہوگا؟

جج آپ کا نام اور کیس کا نمبر پکارے گا۔ جب آپ کا کیس پکارا جائے تو آپ جج کے سامنے حاضر ہو جائیں سب سے پہلے آپ کو جج یہ بتائے گا کہ آپ کے اوپر کیا الزام عائد کیا گیا ہے اور اگر آپ مجرم یا آپ پر جرم عائد کیا گیا ہے تو اس پر کیا ممکنہ جرمانہ عائد ہو سکتے ہیں۔ آپ کے اوپر جو جرم عائد کیا گیا ہے یا جرمانہ کیا گیا ہے اس کے متعلق اگر کوئی سوالات آپ کے ذہن میں ہیں یہ وقت ہے کہ آپ اس کے بارے میں پوچھیں۔

## ایک وکیل کرنے کا حق

جب جج آپ کو آپ کے جرم اور ممکنہ جرمانے کے متعلق بتادے تو وہ آپ کو پوچھے گا کہ آیا آپ اپنی نمائندگی کیلئے وکیل چاہتے ہیں یا آپ خود نمائندگی کرنا چاہتے ہیں۔

جو جرم آپ پر عائد کیا گیا ہے وہ آپ کو جیل کی طرف لے جاتی ہے تو وکیل کرنے کا آپ کو پورا حق ہے۔ اگر آپ "مفلس" ہیں اور اتنی آمدنی یا رقم نہیں ہے کہ آپ ایک وکیل مقرر کر سکیں تو جج آپ کے کہنے پر ایک وکیل مقرر کر دے گا۔ آپ سے بیان حلفی لیا جائے گا تا کہ جج اس بات کا تعین کر سکے کہ آپ اس معیار پر پورا اترتے ہیں کہ آپ کو وکیل مقرر کیا جائے۔

اگر جج آپ کیلئے وکیل مقرر کرتا ہے تو آپ کو اس وکیل کی خدمات حاصل کرنے کیلئے

Champaign Court کو معقول رقم دینا پڑتی ہے۔ اگر آپ وہ رقم دینے سے قاصر ہیں تو یہ توہین عدالت کے زمرے میں آتا ہے اور اس کی سزا جیل ہو سکتی ہے۔ اگر آپ کو اپنے حقوق کے بارے میں وکیل سے کوئی سوال پوچھنے ہیں تو ضرور پوچھیں۔ اگر آپ اپنی پسند کا وکیل مقرر کرنا چاہتے ہیں۔ آپ کو اس کیلئے وقت دیا جائے گا۔ وہ جرمانہ جو آپ پر عائد کیا گیا ہے اور جیل کی سزا نہیں دی جاتی ہے بلکہ صرف جرمانہ عائد ہوا ہے اس کیلئے جج آپ کیلئے وکیل مقرر نہیں کر سکتا۔ آپ کو وکیل کی نمائندگی کا حق حاصل ہے لیکن وکیل کا انتظام خود کریں گے۔

اگر آپ وکیل کی نمائندگی نہیں چاہتے تو آپ کو خود یہ حق حاصل ہے۔

اپنے کیس کو مزید آگے بڑھانے سے پہلے اگر آپ وکیل سے ملنا چاہتے ہیں تو آپ جج کو یقینی بنائیں۔ آپ کو وکیل سے بات کرنے کیلئے ایک ہفتہ دیا جائے گا۔

## جرم کا اقرار کرنا یا نہ کرنا

اگر آپ کیس کی خود نمائندگی کرنا چاہتے ہیں اور وکیل مقرر ہی کرنا چاہتے تو جج آپ سے پوچھے گا کہ کیا آپ نے جرم کا اقرار کر لیا ہے یا نہیں۔ اگر آپ جرم کا اقرار کر لیتے ہیں تو آپ جرح کرنے کے حق سے محروم اور سزا کے لئے رضامند ہو جاتے ہیں لہذا جرح کو مدنظر رکھتے ہوئے آپ کو اپنے حقوق جاننا ضروری ہیں۔

## جیوری مقدمے کے حقوق

اگر آپ جرم کا اقرار نہیں کرتے ہیں تو آپ کو جیوری مقدمے کا حق حاصل ہے۔

Jury Trial میں 12 لوگوں کی ایک ہے جس میں لائسنس حاصل کرنے والے ڈرائیور ہیں جن کا شیمپین کاؤنٹی مہیا ووٹرز میں اندراج کیا گیا ہے اور ان کو بے ترتیبی چنا گیا ہے جب جیوری کو چن لیا جاتا ہے تو وہ گواہی سن سکتے ہیں اور فیصلہ کر سکتے ہیں آیا آپ مناسب شبہ کے بغیر مجرم ہیں۔ جب تک جیوری کے تمام 12 لوگ متفق نہ ہوں آپ مجرم قرار نہیں دیئے جا سکتے اگر آپ Jury Trial کی خواہش رکھتے ہیں تو جج آپ کو کیس کا شیڈول تیار کر کے حاضری کیلئے بلائے گا۔ اگر آپ نے اپنی نمائندگی کیلئے وکیل مقرر نہیں کیا تو آپ کو حاضری کیلئے جانا چاہیے اس کال پر جج آپ کو سماعت کیلئے مقررہ تاریخ دے گا۔ اگر آپ نے جیوری ٹرائل کی درخواست دی ہے۔ اور نمائندگی کیلئے وکیل مقرر نہیں کیا گیا تو یہ جان لینا چاہیے کہ آپ خود اپنے وکیل کے طور پر کام کریں گے۔ آپ Jury کو چننے کے ذمہ دار ہونگے اور مناسب قانون کے بارے میں Jurors کو بتائیں گے اور ثبوت مہیا کرنے اور طریقہ کار کو عمل میں لائیں گے ایک وکیل کو یہ عمل میں لانا چاہیے۔

## بینچ مقدمے کی سماعت کے حقوق

آپ نے جیوری ٹرائل کا حق ختم کر دیا ہے اور آپ اکیلے ہی جج کے سامنے سماعت کیلئے پیش ہوتے ہیں جس کو bench trial کہا جاتا ہے۔

اگر آپ بینچ ٹرائل کی خواہش رکھتے ہیں تو Circurt Clerk Office آپ کو کیس کی سماعت کیلئے تاریخ اور وقت کا شیڈول دیتا ہے۔

اگر آپ پر جرم ثابت ہو گیا ہے اور ایک ٹکٹ ملا ہے جس کا ممکنہ جرمانہ جیل نہیں ہے تو کورٹ میں حاضری کی ضرورت نہیں ہے آپ کورٹ روم سے باہر Traffic Clerk Window سے bench trial کی درخواست کر سکتے ہیں۔

اگر آپ کا ایڈریس بدل گیا ہے تو یہ آپ کی ذمہ داری ہے کہ Circuit Clerks Office کو اپنا حالیہ ایڈریس اور کیس نمبر لکھ کر دیں تا کہ آپ کا نوٹس صحیح ایڈریس پر پہنچے

**مقدمے کی سماعت کے آپ کے حقوق**

قطع نظر اس کے کہ آپ نے مقدمے کی سماعت کے لئے کونسی قسم کو چنا ہے آپ کو مندرجہ ذیل حقوق حاصل ہیں۔ آپ کو یہ حق حاصل ہے کہ آپ گواہوں کی گواہی جو آپ کے خلاف تھی کو دیکھیں اور اس پر جرح کریں اور درست سوالات پوچھ کر یہ معلوم کریں کہ آیا وہ صحیح اور سچائی سے گواہی دے رہے ہیں۔

آپ کو یہ حق حاصل ہے کہ آپ اپنی جانب سے ثبوت اور گواہیاں پیش کریں اگر آپ چاہیں تو یہ گواہ بلائے جا سکتے ہیں یا حکم دیا جا سکتا ہے کہ وہ مقدمے کی سماعت کے وقت پر حاضر ہوں۔ آپ کو یہ حق حاصل ہے کہ اگر آپ چاہیں تو آپ اپنی جانب سے گواہی دیں تاہم اگر آپ گواہی نہیں دینا چاہتے یا واقعہ کے بارے میں سوالوں کے جواب نہیں دینا چاہتے تو کوئی آپ سے زبردستی ایسا نہیں کر سکتا اور جیوری یا جج یہ فرض نہیں کر سکتا کہ آپ مجرم ہیں کیونکہ ثبوت نہیں ہے۔

## جرم ثابت ہونے کی صورت میں درخواست دائر کرنے کے آپ کے حقوق

اگر آپ کسی معاملے میں مجرم قرار پائے ہیں اور آپ کی خواہش ہے کہ وہ حقوق جن کا تذکرہ کیا گیا ہے ان کو ترک کیا جائے تو آپ ایسا کر سکتے ہیں۔

اس کی سماعت hearing فوراً شروع ہو جائے گی۔ یہ تعین کرنے کیلئے کہ اس کا Fine کتنا ہوگا آپ کو کورٹ کی فیس بھی دینا ہوگی۔ جج آپ کو جرم کے بارے میں اور Driving record کے بارے میں پوچھ سکتا ہے۔ ریاست جرمانہ تجویز کر سکتی ہے۔

اگر مناسب ہو تو آپ جج سے عدالت کی نگرانی کی درخواست کر سکتے ہیں اگر آپ عدالت میں رکھے جائیں اور اس کو مقررہ وقت پر مکمل کریں تو آپ کا Driving record اس ٹکٹ سے متاثر نہ ہوگا۔

اگر آپ عدالتی نگرانی میں رہے تو آپ کو اپنے جرمانے اور اخراجات ادا کرنے کا وقت دیا جائے گا اگر آپ ان کو مقررہ وقت پر ادا نہ کر پائیں یا آپ کو ایک اور ٹکٹ مل جائے تو آپ اپنا عدالتی نگرانی کی سزا کھو کر اپنے driving record میں خلاف ورزی کے مرتکب ہو رہے ہیں۔

اگر آپ کی ٹکٹ پر عدالتی حاضری کا نہیں لکھا گیا اور آپ نے 20 میل فی گھنٹہ کی حد رفتار سے ہی تجاوز کیا تو سب سے آسان طریقہ عدالتی نگرانی میں آنے کیلئے Traffic Safety Program کا لینا ہوگا۔ اگر آپ اس کے اہل ہوں گے تو آپ ایک رجسٹریشن

فارم جو Circuit Clerks Office سے حاصل کیا جاسکتا ہے (لے کر پر کر سکتے ہیں)

## اپیل دائر کرنے کے آپ کے حقوق

اگر آپ مجرم قرار دے دیئے گئے ہیں تو آپ 30 دنوں کے اندر اس سے دستبردار ہو سکتے ہیں آپ ایک درخواست لکھیں اور تمام وجوہات بیان کریں۔ کوئی بھی وجہ جو اس درخواست میں ہی لکھی جائے گی وہ اپیل میں استعمال نہیں ہوسکتی۔ اگر آپ کو اپنی درخواست سے دستبردار ہونے کی اجازت مل جاتی ہے تو کوئی ٹکٹ جس کو آپ مسترد کر چکے ہیں وہ دوبارہ بحال ہوسکتے ہیں۔ اگر آپ اپنی درخواست میں اپنے جرم کی نظر ثانی نہیں کرتے ہیں تو عدالتی حاضری کی تاریخ جو (30 دنوں کے اندر) ہوتی ہے آپ اپیل کرنے کے حق سے محروم ہو جاتے ہیں۔